# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 29 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۹/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **ہر ملک اپنی تہذیب وثقافت پر فخر محسوس کرکے ہی آگے بڑھ سکتا ہے ' وزیر اعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام سے خطاب**
- ☆ **یومِ آزادی کو گھر گھر ترنگا لہرانے کی وزیر اعظم کی اپیل**
- ☆ **پیرس اولمپک میں نشانہ بازی میں بھارت کو کانسے کا تمغہ ' تمغہ جیتنے والی منو بھاکر ملک کی پہلی نشانہ باز**

**اور**

- ☆ **بھارت کی سری لنکا کے خلاف T-20 رکرکٹ سیریز میں فاتحانہ پیش رفت ' ایشیائی کپ ٹورنامنٹ میں خواتین ٹیم رنر اپ**

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیر اعظم نے من کی بات پروگرام سے ملک کی عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر ملک اپنی تہذیب وثقافت پر فخر محسوس کرتا ہے۔ بھارت میں بھی تہذیب وثقافت کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ انھوں نے پبلک آرٹ آف انڈیا اس اسکیم کا ذکر بھی کیا۔ عوامی فنون کو عام کرنے کے لیے فنکاروں کو ایک پلیٹ فارم مہیا کروانے کے لیے یہ پلیٹ فارم ہے۔ انھوں نے کہا کہ آئندہ 15 راگست کے موقع پر ہر گھر ترنگا مہم میں حصہ لیں اور اِس کے ساتھ فوٹو کھچوا کر ویب سائٹ پر اپلوڈ کریں۔

ہر گھر ترنگا مہم کی اہمیت بتلاتے ہوئے انھوں نے کہا کہ...

**’’ جب کالونی یا سوسائٹی کے ایک ایک گھر پر ترنگا لہراتا ہے تو دیکھتے ہی دیکھتے دوسرے گھروں پر بھی ترنگا دکھنے لگتا ہے۔**

**یعنی ہر گھر ترنگا ابھیان ترنگے کی شان میں ایک یونیک فیسٹول بن چکا ہے‘‘**

یوم آزادی کے موقعے پر ہونے والے خطاب کے لیے ہر سال کی طرح اس بار بھی عوام مائے جی اووی یا نمواپ پر روزٹ کرنے کی اپیل انھوں نے کی۔ دنیا بھر میں فی الحال پیرس اولمپک کی دھوم ہے۔ اولمپک کی وجہ سے اپنے کھلاڑیوں کو عالمی پلیٹ فارم پر ترنگا لہرانے کے لیے موقع فراہم ہوتا ہے۔ اِس لیے ملکی عوام اپنے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ وزیر اعظم نے کھادی ہینڈ لوم صنعت کو بڑھاوا دینے کی اپیل کی۔ اِس موقع پر انھوں نے مہاراشٹر کے پیٹھن اور وِدربھ کی ہینڈ بلاک پرنٹ کی صنعت کا ذکر کیا۔

***** ***** *****

بی جے پی کی حکومت والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ و نائب وزراء اعلیٰ کے دہلی میں ہوئی 2 روزہ کانفرنس کا کل اختتام ہوا۔ اِس میں وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی حکومت اور ریاستی حکومت ایک ساتھ عوامی فلاح کی کوشش کریں گے۔ تب ہی قومی فلاح کو پا سکتے ہیں۔ ترقی یافتہ بھارت کے تصور میں وراثت کی ترقی کے ساتھ ساتھ وراثت کی تخلیق بھی اہم ہے۔ اِس کانفرنس میں 13 وزراء اعلیٰ و 15 نائب وزراء اعلیٰ نے شرکت کی۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کے منتخب اراکین کی حلف برداری تقریب گزشتہ روز قانون ساز کونسل کے مرکزی ہال میں منعقد ہوئی جس میں قانون ساز کونسل کی ڈپٹی اسپیکر نیلم گورہے نے نو منتخب اراکین سے حلف لیا۔ پنکجا منڈے ‘ ساد بھاؤ کھوت ‘ پری نئے پھوکے ‘ یوگیش ٹیڑیکر ‘ اِمت گورکھے ‘ بھاؤنا گوئلی ‘ کرپال تومانے ‘ پرگیا ساتو ‘ راجیش وِٹیکر ‘ شیواجی راؤ گرجے اور ملند نارویکر نے حلف لیا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کے ذریعہ حال ہی میں پیش کیے گئے بجٹ کو سابق وزیر مملکت برائے خزانہ ڈاکٹر بھاگوت کراڈ نے عوام کے لیے راحت بخش قرار دیا وہ کل جالنہ میں صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے ترقی یافتہ بھارت کا تصور پیش کیا اور 140 رکروڑ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت کوشش کر رہی ہے۔ اِس بجٹ میں پال گھر ضلع کے توسیعی بندرگاہ منصوبے کے لیے 75 ر ہزار کروڑ روپئے جبکہ مراٹھواڑہ اور وِدربھ کے آبپاشی منصوبے کے لیے 600 رکروڑ روپئے منظور ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک میں نشانہ بازی میں 10 رمیٹر ایئر پستول زمرہ میں بھارت کی منو بھاکر نے کانسے کا تمغہ حاصل کر کے تاریخ رقم کی ہے۔ یہ نشانہ بازی میں تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی خاتون قرار پائی۔ اِس مرتبہ اولمپک میں تمغہ جیتنے والی خاتون کا اعزاز بھی انھوں نے حاصل کیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے منو بھاکر کی ستائش کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اولمپک میں نشانہ بازی کے سنگل زمرہ میں تمغہ جیتنے والی پہلی خاتون قرار پانے پر بہت اہم کامیابی ہے۔ مرکزی وزیر کھیل منسکھ مانڈویہ وزیر داخلہ امِت شاہ نے بھی منو بھاکر کی ستائش کی ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے مہاراشٹر کی اولمپک تنظیم کی جانب سے منو بھاکر کی ستائش کی۔

***** ***** *****

دریں اثناء اِس ٹورنامنٹ میں کل خواتین کے 10 رمیٹر ایئر رائفل میں بھارت کی رمیتا جِندال آخری راؤنڈ میں داخل ہوئی۔ انھوں نے 631 رعشاریہ 5 رفیصد پوائنٹ حاصل کر کے پانچویں پوزیشن حاصل کی۔ بھارتی وقت کے مطابق آج دوپہر ایک بجے آخری راؤنڈ ہوگا۔ کشتی رانی کھلاڑی بلراج پنور نے سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔

بیڈمنٹن میں خواتین سنگل میں پی وی سندھو نے شروعاتی مقابلہ میں اپنے مدمقابل کھلاڑی کو 9 - 21 , 6 - 21ر سے شکست دی جبکہ مردوں کے سنگل زمرہ میں ایچ ایس پرنائے نے بھی فاتحانہ شروعات کی۔

***** ***** *****

ٹیبل ٹینس میں خواتین کے سنگل زمرہ میں شری جا اکولا اور مینکا بترا اگلے راؤنڈ میں داخل ہوئیں۔ مردوں کے سنگل زمرہ میں بھارت کے شرتھ کمل کوسلوانیہ کے کھلاڑی سے شکست ہوئی۔ مکّے بازی میں خواتین کے 50 رکلووزنی زمرہ میں بھارت کی نکہت زرین نے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے اور آئندہ ایک اگست کو اُن کا مقابلہ چین کی ویو سے ہوگا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

مردوں کے کرکٹ میں کل پلّے کے لیے میں ہوئے دوسرے T- 20 رمقابلے میں بھارت نے شری لنکا کو ڈک ورتھ لوئس قانون کے مطابق 7روکٹوں سے شکست دی۔ سری لنکا نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اوورس میں 9روکٹ پر 161 ررن بنائے۔ روی بشنوئی نے 3روکٹ لیے۔ بارش کی رکاوٹ کی وجہ سے بھارت کو ڈک ورتھ لوئس قانون کے مطابق 8راووروں میں 78 ررنوں کا ہدف دیا گیا۔ بھارتی ٹیم نے 6راوور اور 3رگیندوں میں 81 ررن اسکور کیے۔ 3رمقابلوں کی سیریز کا تیسرا مقابلہ کل کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

خواتین کے T-20 رایشیا ٹورنامنٹ مقابلے میں بھارت کو رنراپ پر اکتفا کرنا پڑا۔ کل سری لنکا کے دامبولا میں ہوئے آخری مقابلے میں میزبان سری لنکا ٹیم نے بھارت کو 8روکٹوں سے شکست دی۔ بھارتی خواتین نے پلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اوورس میں 6روکٹ پر 165 ررن بنائے۔ سری لنکا کی خواتین نے یہ ہدفت 19 رویں اوور میں حاصل کیا۔

***** ***** *****

انا صاحب پاٹل معاشی پسماندہ ترقی بورڈ کی جانب سے خواہش مند نو جوانوں کو مالی مدد فراہم کی جا رہی ہے اور انھیں

کاروباری بنایا جارہا ہے۔کارپوریشن اور حکومت مراٹھا سماج کی ہمہ جہت ترقی کے لیے پُرعزم ہیں۔اِن خیالات کا اظہار بورڈ کے صدر نریندر پاٹل نے کیا۔چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے کنڑ میں متدین کے ایک پروگرام سے وہ مخاطب تھے۔انھوں نے کہا کہ بورڈ کی جانب سے ایک لاکھ مراٹھا کو کاروباری بنانے کا عزم ہے۔جس کے لیے یہ پروگرام رکھا گیا ہے۔مراٹھا سماج کی ہمہ جہت ترقی کے لیےحکومت نے سارتھی کے ذریعہ مختلف اسکیمیں چلائی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں '' وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن '' اسکیم کے لیے 17/ہزار اہل درخواست دہندگان کو تعلقہ کمیٹی نے منظوری دی ہے۔ جبکہ ضلع میں 4/لاکھ سے زائد خواتین کو اِس اسکیم سے مستفید کرنے کی ضلع انتظامیہ نے منصوبہ بندی کی ہے۔اِس اسکیم کے لیے اب تک دیہی اور شہری حدود سے ایک لاکھ 79/ہزار 995/خواتین کی درخواستیں موصول ہوچکی ہیں۔ضلع انتظامیہ نے زیادہ سے زیادہ خواتین سے اسکیم کا فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

آشاڑھی واری کی تقریبات ختم ہونے کے بعد شیوگاؤں کی جانب جانے والی سنت گجانن مہاراج کی پالکی کل بیڑ شہر میں داخل ہوئی ۔رم جھم بارش کے دوران عقیدتمندوں نے زوردار نعروں کے ساتھ پالکی کا استقبال کیا۔اِس موقع پر سینکڑوں عقیدتمند پالکی کے درشن کے لیے موجود تھے۔ آج یہ پالکی آگے کے سفر پر روانہ ہوگی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے کلمنوری تعلقے کے موضع سُکڑی ویر میں برقی جھٹکے سے ایک نوجوان کسان سمیت 2/مویشیوں کی موت ہوگئی۔کل صبح کھیت میں کام ختم ہونے کے بعد کسان سُبھاش کھندارے بیل کی جوری واپس کرنے کے لیے جام گوہان کی جانب جارہا تھا۔سُکڑی ویر تا جام گوہان راستے پر جنگلی چرندو پرند کے نقصانات سے بچنے کے لیے کچھ کسانوں نے کھیتوں کو تار فینسگ کرکے اِس میں برقی رو چھوڑ دی ہے۔اِن ہی تاروں کی زد میں آکر کسان سُبھاش کھندارے اور 2/جانوروں کی ہلاکت ہوئی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں عوامی مقامات سمیت مختلف بازاروں سے سرقہ ہونے والے 32/لاکھ 89/ہزار 205/روپئے کے موبائیل فون پولس نے ضبط کرلیے۔ گمشدہ موبائل فونز کا سُراغ لگانے کے لیے انتظامیہ نے سائبر سیل، مقامی کرائم برانچ اور ضلعے کے تمام پولس اسٹیشنوں کے ملازمین پر مشتمل دستے تیار کرکے خصوصی جانچ مہم چلائی تھی۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **ہر ملک اپنی تہذیب و ثقافت پر فخر محسوس کر کے ہی آگے بڑھ سکتا ہے ' وزیر اعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام سے خطاب**
- ☆ **یومِ آزادی کو گھر گھر ترنگا لہرانے کی وزیر اعظم کی اپیل**
- ☆ **پیرس اولمپک میں نشانہ بازی میں بھارت کو کانسے کا تمغہ ' تمغہ جیتنے والی منو بھاکر ملک کی پہلی نشانہ باز**

**اور**

- ☆ **بھارت کی سری لنکا کے خلاف T-20 / کرکٹ سیریز میں فاتحانہ پیش رفت ' ایشیائی کپ ٹورنامنٹ میں خواتین ٹیم رنر اپ**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆